# SHORKOT CANTONMENT BOARD

PAF Base Rafiqui Road, Shorkot Cantt

Website: http://www.CbShorkot.gov.pk http://Facebook.com/Shorkotcantonmentboard

Email: Shorkotcantonment@gmail.com Telephone 047-5500422, Fax 047-5500792


No. 3/36/Tax/ 9277

Dated 31 May, 2022

To

The Asstt Director – II
Public Procurement Regulatory Authority,
Ist floor FBC Building Near Stat Bank,
Sector G – 5/2, **ISLAMABAD.**

Subject:- **PUBLICATION OF AUCTION NOTICE.**

Please arrange to publish the attached auctions notice on PPRA website immediately under intimation to this office.

2. Payment for the same shall be made on receipt of bill.

(DR. ALI RAZA)
Cantonment Executive Officer
Shorkot Cantonment

## کینٹونمنٹ بورڈ شورکوٹ کینٹ

# نیلام عام ٹھیکہ جات

ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ شورکوٹ کینٹ درج ذیل ٹھیکہ جات کے حقوق وصولی کا نیلام عام مورخہ 16 جون 2022 کو بوقت 11 بجے دن دفتر کینٹونمنٹ بورڈ شورکوٹ کینٹ میں کر رہا ہے۔ مذکورہ تاریخ کو بولی نہ ہونے یا کم آنے کی صورت میں دوبارہ بولی مورخہ 17 جون 2022 کو بوقت 11 بجے دن ہوگی۔

| سیریل نمبر | نام ٹھیکہ | رقم کال ڈپازٹ / زر بیعانہ | عرصہ ٹھیکہ |
|---|---|---|---|
| 1. | حقوق وصولی ٹول ٹیکس-اڈا فیس- سپیشل سروسز فیس- ٹائم کیپنگ فیس- ٹیکسی کار پارکنگ فیس اور رکشہ و ریڑھا فیس | مبلغ پندرہ لاکھ روپے | ایک سال (مورخہ یکم جولائی 2022 تا 30 جون 2023) |
| 2. | حقوق وصولی اتوار بازار / ستا بازار | مبلغ ایک لاکھ روپے | // |
| 3. | حقوق وصولی شاپ بورڈ / ایڈورٹائزمنٹ چارجز | مبلغ دو لاکھ روپے | تین سال (مورخہ یکم جولائی 2022 تا 30 جون 2025) |

### اہم شرائط نیلامی:۔

۱۔ خواہش مند بولی دہندگان کو کسی بھی بولی میں حصہ لینے کے لئے درج بالا زر بیعانہ کسی شیڈولڈ بنک سے کال ڈیپازٹ کی صورت میں بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر شورکوٹ چھاؤنی ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی کے جمع کروانا ہوگا۔ جو نیلامی کے اختتام پر ماسوائے فرسٹ ہائیسٹ بڈر اور سیکنڈ ہائیسٹ بڈر کے قابل واپسی ہوں گے۔

۲۔ فرسٹ ہائیسٹ بڈر کو حقوق وصولی ٹال ٹیکس اڈا فیس وغیرہ اور حقوق وصولی اتوار بازار / ستا بازار کے لئے اپنی کل بولی کا 1/10 حصہ اور حقوق وصولی شاپ بورڈ / ایڈورٹائزمنٹ چارجز کے لئے اپنی کل بولی کا 1/4 بشمول زر بیعانہ بطور سیکورٹی بولی کے اختتام پر فوراً دفتر ہذا میں جمع کروانا ہوگا۔ جو کہ ٹھیکہ کی میعاد کی کامیاب تکمیل اور آڈٹ رپورٹ پر واپس کر دی جائے گی۔

۳۔ اگر فرسٹ ہائیسٹ بڈر نے درج بالا رقم بطور سیکورٹی جمع نہ کروایا تو اس کا جمع شدہ زر بیعانہ / کال ڈیپازٹ ضبط کر لی جائے گی۔ اگر بورڈ / زیر دستخطی فیصلہ کرے تو سیکنڈ ہائیسٹ بڈر کو سیکورٹی جمع کروانے کے لیے کہہ سکتا ہے۔ ایسی صورت میں اگر سیکنڈ ہائیسٹ بڈر بھی سیکورٹی کی رقم جمع کروانے میں ناکام رہتا ہے تو اس کا جمع شدہ زر بیعانہ / کال ڈیپازٹ ضبط کر لی جائے گی۔ اور دوبارہ نیلامی کا اہتمام کیا جائے گا۔

۴۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کی رقم 12 مساوی ماہانہ اقساط میں ہر ماہ کی 05 تاریخ تک جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ اور حقوق وصولی شاپ بورڈ / ایڈورٹائزمنٹ چارجز کے لئے 12 عدد ایڈوانس پوسٹ ڈیٹڈ چیکس مجاز اتھارٹی کی منظوری کے 03 دن کے اندر اندر جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ چیک جمع نہ کروانے کی صورت میں پہلے سے جمع شدہ سیکورٹی کی رقم بحق کینٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔

۵۔ حقوق وصولی شاپ بورڈ / ایڈورٹائزمنٹ چارجز وغیرہ کی بولی (بڈ) کی رقم فی سال کے حساب سے ہوگی اور عرصہ مدت معاہدہ ٹھیکہ تین سال کے لیے ہوگا۔ تاہم دوسرے اور تیسرے سال کا سالانہ ٹھیکہ 10% سالانہ مرکب (Compound) اضافہ کے ساتھ وصول کیا جائے گا۔ البتہ بورڈ کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ دوسرے یا تیسرے سال کا ٹھیکہ کینسل کر کے نئے سرے سے ٹھیکہ نیلام کر دے۔

۶۔ کامیاب بولی دہندہ گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے مطابق کل بولی پر ایڈوانس انکم ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

۷۔ دیگر شرائط نیلامی دفتری اوقات میں دفتر کینٹونمنٹ بورڈ شورکوٹ کینٹ یا پیپرا ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

۸۔ کنٹونمنٹ بورڈ / زیر دستخطی پیپرا رولز 2004 کی شق نمبر 33 کے تحت کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرنے کے مجاز ہیں لیکن اس کی وجوہات بیان کرنے کے پابند نہ ہونگے۔

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

شورکوٹ کینٹ